14/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

اترپردیش سنسکرت سنستھانم کے ذریعہ سنسکرت ادب موضوع کو لیکر سول سروس کی مفت کوچنگ فراہم کرائی جائیگی

لکھنؤ: ۱۴/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اترپردیش سنسکرت سنستھانم کے ذریعہ یونین/اسٹیٹ سول سروس، پری ایگزام-2020-21 (Union/State Civil Services Preliminary Examination) میں کامیاب ہونے والے اور Main Exam میں سنسکرت ادب موضوع لیکر تیاری کرنے کے خواہشمند طلباء/طالبات کو 10 مہینے کا سنسکرت ادب اور عام مطالعہ کی مفت کوچنگ، نصابی اشیاء کے ساتھ وظیفہ بھی دیا جائیگا۔ پروگرام میں رجسٹریشن کی تاریخ 13 دسمبر 2021 سے شروع ہے اور آخری تاریخ 25 دسمبر 2021 ہے۔ یہ طالب علم 26 سے 30 دسمبر 2021 کے درمیان سنستھان کی ویب سائٹ www.upsanskritsansthanam.org یا http"//upsscivil.in پر جاکر اپنا رجسٹریشن کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے 9936469208 یا 6390006920 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ درخواست سول سروس کیلئے تیار کی گئی ایپلی کیشن کے توسط سے حاصل کی جائیگی۔

☆☆☆☆☆